الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

مورخہ 26اکتوبر 2022 اسلام آباد



الیکشن کمیشن آف پاکستان کے زیر اہتمام آج پاکستان نیشنل کونسل آف آرٹ اسلام آبادمیں طلبا تصویری مقابلے کےحوالے سے موصول کردہ پیٹنگز کی نمائش اورپہلے تین پوزیشن لینے کے لئے انتخاب کرنے کی تقریب منعقد کی گئی جس کا موضوع " آپ کا حق رائے دہی برائے امید افزاء مستقبل your vote to a promising future / "تھا ۔ تقریب کا افتتاح سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان جناب عمر حمید خان نے کیا ، دیگر معزز ججز احمر بلال محبوب پلڈاٹ ، نگین حیات نومیڈ آرٹ گیلری اور مریم احمد ڈائریکٹر, visual art پی این سی اے ،میڈیا کے نمائندوں کے علاوہ سول سوسائٹی نے بھی شرکت کی ۔ اس مقابلے کا مقصد نوجوانوں کے اندر ووٹ کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے تاکہ آنے والے انتخابات میں ان کی بھرپور شرکت کو یقینی بنایا جاسکے ۔

پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ و طالبات کو تعریفی اسناد کے علاوہ پہلی ، دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کرنے والوں کو بالترتیب 1لاکھ ، 50ہزار اور 25ہزار کے نقد انعامات مورخہ 7 دسمبر 2022 کو نیشنل ووٹرز ڈے کے موقع پر دیئے جائیں گے ۔

پیٹنگ مقابلہ میں موصول ہونے والی تمام پیٹنگز کو نمائشن کے لئے نیشنل آرٹس کونسل کی گیلری نمبر 10 اور گیلری نمبر 11میں معززین کے لئے آویزں کی گئیں ہیں ۔ اور یہ نمائش 2 دن مورخہ 26 اور 27 اکتوبر 2022 کو عوام الناس کے معائنے کے لئے بلاتفریق جاری رہے گی ۔مقابلہ میں چاروں صوبوں کے یونیورسٹیوں اور کالجوں کے طلباء نے حصہ لیا۔۔مجموعی طور پر 280 پینٹگز مقابلے میں شرکت کے لئے شامل ہیں۔۔